**فوری ریلیز کے لیے:** 21/7/2022 | ***گورنر KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے کورٹ لینڈ کاؤنٹی میں 7.7$ ملین کے معاونتی رہائش کے منصوبے کی تکمیل کا اعلان کیا***

### ***گریس براؤن ہاؤس گھریلو تشدد کے ان متاثرین کے لیے معاونتی رہائش کے 25 یونٹ پیش کرتا ہے جن کو بے گھری کا سامنا ہو***

### ***منصوبہ " CNY رائزنگ" کا حصہ ہے - جو کہ کمیونٹیز کی بحالی اور معیشت میں اضافے کے لیے اس علاقے کی تفصیلی حکمت عملی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج گریس براؤن ہاؤس کی تکمیل کا اعلان کیا، یہ کورٹ لینڈ کاؤنٹی میں 7.7$ ملین کا مستقل معاونتی رہائش کا منصوبہ ہے۔ ریاست کے ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل ( Homes and Community Renewal) اور ریاست کے دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد ( Office of Temporary and Disability Assistance) کی فنڈنگ کے ذریعے مالی وسائل پانے والے اس منصوبے نے گھریلو تشدد کے ان متاثرین اور ان کے خاندانوں کے لیے معاونتی رہائش کے 25 یونٹ بنائے، جن کو بے گھری کا سامنا ہونے کا خطرہ ہے۔

"اکثر و بیشتر گھریلو تشدد کے متاثرین اس تکلیف دہ تجربے کے براہ راست نتیجے میں خود کو رہائشی عدم استحکام کا شکار پاتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "گریس براؤن ہاؤس ان متاثرین اور ان کے خاندانوں کے لیے مستحکم گھر اور انتہائی اہم خدمات فراہم کرتا ہے، جو کہ نتیجتاً نیو یارک کی کمیونٹیز کی بے گھری کے بنیادی اسباب سے نمٹنے میں مدد کریں گے۔"

"معاونتی رہائش بے گھری کا ایک نگہداشت فراہم کرنے والا اور سہارا دینے ولا حل مہیا کرتی ہے جہاں گھریلو تشدد کے متاثرین نہ صرف رہ سکتے ہیں بلکہ درکار خدمات بھی حاصل کر سکتے ہیں،" **لیفٹننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "کورٹ لینڈ کاؤنٹی میں گریس براؤن ہاؤس کے 25 یونٹ گھریلو تشدد کا شکار افراد کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ فراہم کریں گے اور بحالی کا سفر شروع کرنے میں ان کی مدد کریں گے۔"

Christopher Community, Inc. کی تیار کردہ اس تین منزلہ عمارت میں ایک بیڈ روم والے 18 اور دو بیڈ رومز والے سات اپارٹمنٹس ہیں، جن میں سے تمام یونٹ ان افراد یا خاندانوں کے لیے مخصوص ہیں جن کو بے گھری یا رہائش کے حوالے سے بے یقینی کی صورتحال کا سامنا ہے۔ کورٹ لینڈ کی YWCA سہارا دینے کی خدمات - بشمول کیس کی انتظام کاری، قانونی، تعلیمی اور ہنر سکھانے سے متعلق خدمات - ایمپائر اسٹیٹ سپورٹیو ہاؤسنگ انیشیئیٹو کی آپریٹنگ فنڈنگ کے ذریعے فراہم کر رہی ہے، جس کو ریاست کا دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد چلاتا ہے۔

اس منصوبے کا نام گریس براؤن کے اعزاز میں رکھا گیا، جو 20ویں صدی کے اوائل میں بہتر زندگی کی تلاش میں کورٹ لینڈ میں منتقل ہوئیں لیکن ان کو ان کے رومانوی ساتھی نے قتل کر دیا۔ ان کی دردناک کہانی کو قومی سطح پر توجہ ملی اور اس نے گھریلو تشدد کے حوالے سے آگاہی کے عمل کو تیز کیا۔

گریس براؤن ہاؤس کو وفاقی کم آمدنی والے ٹیکس کریڈٹس میں سے مختص کردہ رقم سے مالی وسائل فراہم کیے گئے جو ایکویٹی کی مدد میں 4.6$ ملین اور ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل کی جانب سے سبسڈی کی مد میں 365,000$ مہیا کریں گے۔ اس منصوبے کو ریاستی دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کے زیر انتظام چلائے جانے والے ہوم لیس ہاؤسنگ اینڈ اسسٹنس پروگرام (Homeless Housing and Assistance Program) سے بھی 1.9$ ملین موصول ہوئے۔

اس کے علاوہ، اس منصوبے کو 500,000$ فیڈرل ہوم لون بینک؛ اور 25,000$ نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ذریعے حاصل ہوئے۔ تمام اپارٹمنٹس اس علاقے کی اوسط آمدنی کے 50 فیصد یا اس سے کم آمدنی والے گھرانوں کی استطاعت میں ہیں۔

سرکاری ذرائع آمد و رفت کے قریب واقع اس منصوبے میں دو ایسے اپارٹمنٹس شامل ہیں جن کو چلنے پھرنے سے معذور افراد کے لیے مکمل طور پر قابل استعمال بنانے کے لیے ضروریات سے مزین کیا گیا ہے اور دو اپارٹمنٹس کو سماعت یا نگاہ کی معذوری کا شکار افراد کے لیے مکمل طور پر قابل استعمال بنانے کی ضروریات سے آراستہ کیا گیا ہے۔ عمارت میں دستیاب سہولیات میں ایک کمیونٹی روم ،بچوں کے کھیلنے کی جگہ، کپڑے دھونے کی مشترکہ سہولیات، ایک کمپیوٹر لیب، عمارت کے مینیجر اور معاون خدمات کے عملے کے دفاتر، باہر کھلی ہوا میں ایک صحن اور ایک کھیل کا میدان شامل ہوں گے۔

گریس براؤن ہاؤس گورنر Hochul کے ریاست بھر کے اس عزم کی تکمیل کرتا ہے کہ پورے نیو یارک میں رہائش کو مزید کم خرچ، مساوی اور پائیدار بنایا جائے۔ حالیہ نافذ شدہ ریاستی بجٹ میں، گورنر نے کامیابی سے 25$ بلین کا ایک تفصیلی رہائشی منصوبہ محفوظ کروا لیا جو ریاست بھر میں 100,000 کم قیمت گھر بنا کر یا ان کو محفوظ کر کے رہائش کی دستیابی میں اضافہ کرے گا جن میں 10,000 ایسے ہوں گے جن میں کمزور آبادیوں کی معاونت کے لیے معاونتی خدمات ہوں گی۔

یہ منصوبہ گورنر کی اس عمومی حکمت عملی کو بھی بروئے کار لاتا ہے کہ ریاست بھر میں کمیونٹیز کی بحالی کی جائے اور معیشت کو ترقی دی جائے، بشمول "مرکزی NY رائزنگ" (Central NY Rising) جو کہ ایک مضبوط معاشی ترقی اور کمیونٹی کی بہتری پیدا کرنے کے لیے اس علاقے کے تفصیلی منصوبے کا خاکہ ہے۔ 2011 سے نیو یارک اسٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل نے مرکزی نیو یارک کے علاقے میں 4,000 سے زیادہ کم خرچ گھر بنانے یا ان کو محفوظ کرنے کے لیے 296$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔

**دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "گھریلو تشدد کے متاثرین اپنے ساتھ ہونے والی بدسلوکی کی وجہ سے طویل عرصے تک ذہنی صدمے کا سامنا کرتے ہیں؛ اور یہ جذباتی تکلیف بالآخر ان کے رہائش کے عدم استحکام کا سامنا کرنے پر منتج ہو سکتی ہے۔ گریس براؤن ہاؤس کی پیش کردہ مستقل معاونتی رہائش، مرکزی نیویارک میں متاثرین کے لیے استحکام فراہم کرتے ہوئے کورٹ لینڈ کاؤنٹی میں ایک پوری نہ کی گئی ضرورت کے خلا کو پُر کر رہی ہے۔ ہوم لیس ہاؤسنگ اسسٹنس پروگرام کے معاونت یافتہ دیگر منصوبوں کی طرح یہ منصوبہ گورنر Hochul کے سچے عزم کی نمائندگی کرتا ہے کہ مستحکم رہائش نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے ان کو شامل کرنے والی اور منصفانہ، دونوں ہو۔"

**ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ایک محفوظ جگہ جس کو گھر کہا جا سکے نیو یارک کے ہر باشندے کا حق ہے؛ اور گریس براؤن ہاؤس 25 گھرانوں کو یہ حق اور مزید بہت کچھ فراہم کرے گا۔ معاون خدمات کے ساتھ ساتھ، اس منصوبے کی توانائی کا مؤثر استعمال کرنے والی عمارتی سہولیات رہائشیوں کے لیے بحالی اور زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے ایک آرام دہ ماحول فراہم کریں گی۔ OTDA، YWCA اور کرسٹوفر کمیونٹی کا زندگیاں تبدیل کر دینے والے اس منصوبے کی تکمیل میں شراکت داری کے لیے شکریہ؛ اور مرکزی نیویارک اور ریاست بھر میں کم خرچ، معاونتی رہائش کی دستیابی میں اضافہ کرنے کے عزم کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ۔"

**آفس فار دی پریونشن آف ڈومیسٹک وائلنس کی ڈائریکٹر Kelli Nicholas-Owens نے کہا،** "محفوظ اور کم خرچ رہائش کے بغیر، گھریلو تشدد کا شکار کئی متاثرین کو یہ ناممکن قسم کا انتخاب کرنا پڑتا ہے کہ یا تو اپنے استحصال کرنے والے ساتھی کے ساتھ ہی رہیں یا بے گھری کا سامنا کریں۔ جبکہ نیو یارک اسٹیٹ نظاموں کو متاثرین پر مرکوز، ذہنی صدمے کے متعلق آگاہ اور ثقافتی عوامل کے ذریعے نمٹنے والا بنا رہی ہے، ہم خدمات کا ڈھانچہ دوبارہ تشکیل دے رہے ہیں اور کئی قسم کے استحصال سے متاثر ہونے والے خاندانوں کو استحکام دینے کے لیے مستقل رہائش کے حل فراہم کرنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔ گریس براؤن ہاؤس مستقل، معاونتی رہائش کے یونٹس فراہم کر کے ان متاثرین کا مان رکھتا ہے جن کو فوری سہارا چاہیے۔ مجھے ایسی گورنر کی معاونت کرنے پر فخر ہے جو سب سے زیادہ کمزور طبقوں، بشمول صنفی تشدد کا شکار ہونے اور اس سے بچ نکلنے والے افراد، کے لیے ایک محفوظ اور مستحکم رہائش کو ترجیح پر رکھتی ہیں۔"

**اسمبلی ممبر Anna R. Kelles نے کہا،** "مجھے گریس براؤن ہاؤس کے افتتاح اور سٹی آف کورٹ لینڈ، ٹاؤن آف کورٹ لینڈ وِل، کورٹ لینڈ کاؤنٹی، کرسٹوفر کمیونٹی اور YWCA کی اس شراکت داری پر دلی خوشی ہے جس نے اس منصوبے کو عملی جامہ پہنایا۔ نیو یارک کی بہت سی جگہوں کی طرح، کورٹ لینڈ کاؤنٹی کو کم خرچ اور معاونتی رہائش گاہوں کی شدید ضرورت ہے۔ تمام درجات کے لیے، خاص طور پر 50 فیصد AMI سے کم میں، رہائش گاہوں میں اضافہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہمارے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرنے میں، کہ ہماری کمیونٹی میں ہر کسی کو محفوظ اور کم خرچ رہائش تک رسائی حاصل ہو، یہ عمارت اس تصویر کو مکمل کرنے والے ایک اہم ٹکڑے کا کردار ادا کرتی ہے۔ COVID-19 کی عالمگیر وباء نے گھریلو تشدد میں شدید اضافہ کیا ہے اور یہ بہت اہم ہے کہ ہم ایسی محفوظ پناہ گاہیں بنائیں جہاں پر لوگوں کو نہ صرف ایک مستحکم محفوظ گھر ملے بلکہ متعلقہ خدمات تک رسائی بھی حاصل ہو۔ گریس براؤن ہاؤس 25 خاندانوں کو رہائش کے ساتھ ساتھ انتہائی اہم نگہداشت اطفال، ذہنی صحت کے حوالے سے معاونت، ملازمت کے لیے تربیت اور سب سے اہم، شفا پانے اور بااختیار ہونے کا ماحول فراہم کرے گا۔"

**YWCA آف کورٹ لینڈ کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Kelly Tobin نے کہا،** "YWCA کورٹ لینڈ نے 40 سال سے زیادہ عرصے سے ہنگامی رہائش کی خدمات فراہم کی ہیں اور کورٹ لینڈ کی کمیونٹی میں کم خرچ رہائش کی ضرورت میں مسلسل اضافہ دیکھا ہے۔ گریس براؤن ہاؤس کلائنٹس کے لیے وہ سب پیش کرے گا جو محفوظ، کم خرچ اور معیاری رہائش کے لیے درپیش رکاوٹوں کو ختم کر دے۔ ہم کمیونٹی اور ایڈ ٹو وکٹمز آف وائلنس (Aid to Victims of Violence) پروگرام کے لیے یہ منصوبہ اپنی ان تفصیلی خدمات کی توسیع کے طور پر لانے کے لیے پرجوش ہیں جو ہم گھریلو تشدد کے متاثرین کے لیے پیش کر سکتے ہیں۔"

**CNY رائزنگ کی رفتار تیز کرنا**

گریس براؤن ہاؤس "CNY رائزنگ," کی تکمیل کرتا ہے جو کہ ایک مضبوط معاشی ترقی اور کمیونٹی کی بہتری پیدا کرنے کے لیے اس علاقے کے تفصیلی منصوبے کا خاکہ ہے۔ علاقے کے اعتبار سے تشکیل دیئے گئے اس منصوبے میں عالمی مارکیٹ کے مواقع میں سرمایہ کاری کرنے، انٹرپرینیور شپ کو مضبوط بنانے اور ایک جامع معیشت قائم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ یہ علاقہ CNY رائزنگ کی رفتار کو اپ اسٹیٹ ری وائٹلائزیشن انیشیئیٹو (Upstate Revitalization Initiative) کے ذریعے $500 ملین کی ایک سرمایہ کاری کے ذریعے تیز کر رہا ہے، جو کہ نجی کاروبار کے لیے $2.5 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کا محرک ہو گا۔ خطے کا پیش کردہ منصوبہ 5,900 تک نئی ملازمتوں کا تخمینہ رکھتا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov

*ان سبسکرائب کریں*